نظر یہان کبہی ڈالی کبہی وہان دیکہا

فلک کی خیر ہو یا رب کہ اوس ستمگر نی
جو اوسنی خواہش دل عرض کی تو یون بولے
نہ ہم نی شوق سی دیکھا کہین جو دیکھا ہی

نگاہِ گرم سی پھر سوی آسمان دیکھا
کہ ہم نی آج عجب ڈھب کا خوش بیان دیکھا
تو کوئی تنگ دہان کوئی مو میان دیکھا

قوی سنا تہا بہت ہمنے حضرتِ توفیق
مگر تہین تو فقط مشتِ استخوان دیکھا

سدا ہجہی مرض بیخودی عذاب رہا
غضب بتاتی ہین طوفان کی دیکھنی والی
کبھی وگاہ مغیلان کبھی بیابان گرد
وہان تو خط کی بہی لینی ہین عذر اور یان مین
شریک حال ہو اب کون وقت پیری مین
کبھی ہی عیش کبھی غم کبھی خوشی کبھی رنج

کبھی غشی سی جو فرصت ہوئی تو خواب رہا
جو کچھ دن اور یہی دیدۂ پر آب رہا
جہان جہان مین رہا خستہ و خراب رہا
ہمیشہ منتظرِ نامۂ جواب رہا
عجیب لطف رہا جب تلک شباب رہا
ہمارا حال سدا وقفِ انقلاب رہا

مین دل کو لی تو گیا پھر پیشکش توفیق
یہ بد معاملہ سنکر بغل مین داب رہا

خدا ہی خیر کرے ہی معاملہ دل کا
ڈرو خدا سی کوئی اور کھیل کھیلو تم
مدد کرا ہی اثر بیکسی و تنہائی
کہان کہان مین بچاؤن کہان کہان دیکھون

چلا ہے تاجرِ جان لیکی قافلہ دل کا
بہت برا ہے مری جان مشغلہ دل کا
ہے آج لشکرِ غم سے مقابلہ دل کا
ہے خار زارِ محبت مین آبلہ دل کا

بلا سی کوئی ادا اون کی بد نما ہو جای — کسی طرح سی توٹ جای ولولہ دل کا
نہ اب زیادہ مری دل کو بی قرار کرو — زمین نہ لوٹ دی اکدن یہ زلزلہ دل کا

بلاتی ہین تو مبارک تمہین بپا ہی توفیق
زیادہ حد سی نہ بڑہ جاے حوصلہ دل کا

جلتی رہے وہ گیسوی پرخم تمام شب — تہا ایک زمانہ درہم و برہم تمام شب
اللہ ری حسن شوکت گلچینی وصال — تہا مجہہ ایک طرح کا عالم تمام شب
انجم نہین فلک پہ کسی انتظار مین — وا رہتے ہین یہ دیدۂ پرنم تمام شب
مرغوب غیر ہی سہی پر آمین کیا نزاع — دن بہر اگر وہ پاس رہی ہم تمام شب
یون کہلی اب وہ گہر سی چلی لو وہ آگئی — جان حزین کو ہم نی دیا دم تمام شب
دن بہر تو اونکو مجہہ سی نہ کہہ ای فلک جدا — کیا صدمۂ فراق ہی کچہہ کم تمام شب

توفیق تعزیت ہے دل بیقرار کے
نوحہ تمام روز ہو ماتم تمام شب

تری ہر ایک گرہ اور ہماری ساری رات — تو برہمی نکرای زلف یار ہماری رات
گلی مین یار کی اس شکل سی کٹی اوقات — جو دن کو وان ہین ذلت ہوئی تو خواری رات
جلا ہے روز قیامت برابری کرنی — تو کوئی کہیل تماشا ہوئی ہماری رات
وہ تنگ آ کی شب وصل مجہسے یون بولے — الٰہی ہو گئی کمبخت کیسی بہاری رات
تو روز حشر کو کاٹیگا کس طرح زاہد — کبہی کوئی غم فرقت مین بہی گذاری رات

جو بیقراری مین گذری تو یار کیا گذری — تڑپ تڑپ کی گذاری تو کیا گذاری رات
ہمین تو لاف محبت سے نوکری اچہی — قبا ہی ناز تو اوس جسم سی اوتاری رات

اب اونکی ساتہہ گذرتی ہے بیخطر توفیق
مزی مزی کی ہین ایام پیاری پیاری رات

ظلم الفت کی سبب قہر وفا کی باعث — اور گنوائیے دو چار سزا کی باعث
وصل جانان مین فزون تر ہی مری بیتابی — درد کو میرے ترقی ہی دوا کی باعث
مین رضامند ہون گر حرف محبت کی عوض — گالیان دو مجہی تاثیر دعا کی باعث
ظلم بیوجہ بہی ایک شیوہ ہی معشوقون کا — آپ کیون ڈہونڈتی پہرتی ہین جفا کی باعث
دیکہیے غیر کے گہر مین بہی ملین یا نہ ملین — کون بیقدر ہو نقش کف پا کی باعث
شکوہ ہجر جو کرتا ہون تو یون کہتے ہین — یہ سزا ہے شب عشرت کی خطا کی باعث
کاش مین جا کی وہان شوخ ہون خاطر خواہ — اور وہ کچہہ نسکین شرم و حیا کی باعث
اونپہ مرتی دو وا سیر ونکو ابہی حضرت دل — پہلی رسوا نکرو ما دشا کے باعث

دیکہکر مجہکو کس انداز سے بولی توفیق
مین ہون بدنام اسی مرد خدا کی باعث

لیچل مجے یا کہینچ کے لا اونکو اودہر آج — ای خوبی تقدیر کوئی کام تو کر آج
پہلو مین وہ سوزش ہی نہ سینے مین وہ گرمی — یارب دل سوزان کو ہوئی کسکی نظر آج
کس پردہ قامت مین ہی لی فتنہ محشر — لیتی ہے مجہے گنبد گردون کی خبر آج

ہم نے ہوس عشق ہو اللہ کی قدرت
لو شہر محبت بھی ہی اندھیر نگر آج

کہتے ہو ہم آئینگی تجھے بوسہ بھی دینگے
ایجان جو کچھ تم نی کہا سچ ہے مگر آج

سنتے تھے بہت روز سے اب مرتی ہین کیا خیر
آمادہ تو مدت سے ہی اور عزم سفر آج

خود رہ گئے شب پر یہ کہا مجھسے بگڑ کر
لی دیکھتے ہین ہم تری جادو کا اثر آج

سنتی ہین کہ آتی ہین سوی کلبۂ احزان
گر سچ ہے یہ مضمون تو پھر ہم ہین نہ گھر آج

اوس زلف پہ کچھ بس ہی نہ رخسار پہ قابو
رونی دو ہمین شام سی لی تا سحر آج

کل صبر جو آیا تو کہا عشق نی رخصت
بس جائیے دشوار ہی اس گھر مین گذر آج

خلوت مین جو پہونچا مین تو انجان سی ہوکر
بولی وہ شرارت سی کہ توفیق کدھر آج

ہوئی ہے ہجر مین تیری مری بیان کی طرح
کبھی تو نالہ کی صورت کبھی فغان کی طرح

اگر نہین ستم خاص کا دماغ تمہین
تو خیر آج کوئی ظلم آسمان کی طرح

نہ گل رہا نہ چمن ہان علامت بلبل
ہے کچھ کہین کہین خاشاک آشیان کی طرح

ادب سے چپ ہون تو یہ کہکی چھیڑتی ہین وہ
کہ بن کی بیٹھے ہین کیا آپ بیزبان کی طرح

یہ عاشقی بھی ہے اک طرفہ نسخۂ معجون
کہ مست شوق ہی ہی پیر نوجوان کی طرح

جو آ رہا ہے ترا مبتلا تو رہنے دے
پڑا رہیگا ترے در پہ پاسبان کی طرح

خدا کری اسی مقبول ناقۂ لیلی
چلا ہی قیس حزین بنکی ساربان کی طرح

لیا ہے رعد نے انداز میری نالی کا
اوڑا ہی برق نی آہ شرر فشان کی طرح

ہجوم فکر سی فرصت نہین ہمین توفیق
کہان کا شعر کہان کی غزل کہان کی طرح

ہر چند ہی وہ نادرۂ روزگار شوخ / ہم تو یہی کہین گی کہ اک دل ہزار شوخ
مفتون ہے یار زخم دل داغدار کا / لائی ہے طرفہ رنگ ہماری بہار شوخ
للہ اب اسی نہ بہت منہہ لگائیے / ہو جای پہر کہین نہ دلِ بیقرار شوخ
یہ راہ دشت نجد ہی مجنون سنبہل کی چل / یان ذرہ ذرہ فتنہ ہی او خار خار شوخ
جب سی گیا تو حلقۂ آغوش چہوڑ کر / رہتے ہین اشک گرم مری ہمکنار شوخ
بولی کسی سبب سی نہ پی مینے جب شراب / ہوتی ہین یہ نئے نئے پرہیزگار شوخ
نازک مزاج ہین ہی ہون کیونکر نباہ ہو / سرکش ہوا ہے چرخ بنا روزگار شوخ
ہر چند بی محل ہی پہ ای کاش ایک رات / خاموش ہون وہ شرم سی لی و نجا کسا شوخ

توفیق وہان گئے ہین خدا خیر ہی کری
اغیار ہین شریر بت گل عذار شوخ

ہے یہ بہی کوئی زیست کہ گذری مدام تلخ / سیری مذاق مین ہی سحر تلخ شام تلخ
مین اور اوس کو خط شکایت غضب ہوا / لکہا ہے جس کو عشق و محبت کا نام تلخ
میخانۂ زمانہ کی ساقی ہین عیش و غم / شیرین ہی کوئی جام تو ہی کوئی جام تلخ
تہا عالمِ شباب مین خونابِ دل عزیز / اب ضعف مین ہی لذتِ شربت مدام تلخ
اب اپنی بس کا وہ بتِ نا آشنا نہین / ہی عشق ناگوار محبت تمام تلخ

یارب ہو اور کوئی نیا میر اہتمام
گردون دون پرست کا ہی نظام تلخ

توفیق خوش خطی سی لکھین اوسکی گالیان
لایا پیام قاصدِ شیرین کلام تلخ

گمان ہی سب کو کہان یار اور کہان فریاد
دکھا تو دی اثرِ جذبِ ناگہان فریاد

ہمیشہ کام یہان لی زری مین چلتا ہے
ہماری آہ ہی مشفق تو مہربان فریاد

کہا جو مینی دکھائین گی کچھ اثر تو کہا
یہ نالہ ہی ضعیف اور یہ ناتوان فریاد

بتنگ آگئی وہ کہتے ہین یہ تو چرخ ٹھیری
گھڑی گھڑی ہی فغان اور زمان زمان فریاد

سنائین اوس صنم قصہ دوست کو کیا حال
کہ جسکو درد فسانہ ہو داستان فریاد

غضب ہی کہتی ہین وہ روز روز کرو وصل
گرہ مین کیا لیے بیٹھے ہو تم فغان فریاد

نہین وہ جوش کی دن ولولی گئی توفیق
کہان کی آہ کہان نالہ اور کہان فریاد

خط لکھین اوسکو جو ہو جای سپیر کاغذ
خوب سا خوب ہو بہتر سی ہو بہتر کاغذ

سیکڑون دل مین امیدین ہین ہی محشر تلک
ہو مری خط کی لیی دامنِ محشر کاغذ

روک لی خامۂ تحریر کو ای مستیِ شوق
اپنی جامی سی ہوا جاتا ہے باہر کاغذ

خط مین یہ لطفِ نگارش ہو کہ لکھتے لکھتے
لی اوڑی طائرِ مضمون کا کبوتر کاغذ

تا نہ سمجھین مری مضمون جگر کاوی کو
روبرو اون کی پڑھا غیر نی فرفر کاغذ

وصل منظور رہی پی شبہہ کہ پڑھ کر مضمون
رکھ لیا یار نی میرا تہِ بستر کاغذ

اب نہ ہم وہ ہیں نہ دلدار تکلف موقوف / کون امید یہ پیغام ہو کس پر کاغذ

سرگذشت اپنی جو لکھی تو یہ بولی سنکر / خوب لاتی ہیں یہ عیار بنا کر کاغذ

غیر مغرور ہنو یار کی خط پر توفیق / آتی رہتے ہیں مری پاس بہی اکثر کاغذ

روز ہنگامۂ بیداد ہی یا اللہ اعوذ / یار کیا ہے کوئی جلاد ہے یا اللہ اعوذ

وصل میں شکوۂ ہجران سی وہ چلکر بولی / کیا قیامت کی تری یاد ہی یا اللہ اعوذ

ہم تو افلاک کو موجود سمجھیں صاحب / غیر کی بہی کوئی بنیاد ہے یا اللہ اعوذ

ار رکہنی کے لیے حسن بتان ہی کامل / پر ادا اوس کی بہی استاد ہے یا اللہ اعوذ

عشق میں کیا جو ہوا کوئی بلند آواز / آہ بہی نالہ ہی فریاد ہے یا اللہ اعوذ

کبہی دشواری رنجش تو کبہی مشکل ہجر / روز اک تازہ ترافتاد ہے یا اللہ اعوذ

ایک وہ دل ہیں کہ ہی اونکو فراغت حاصل / اک ہمارا دل ناشاد ہے یا اللہ اعوذ

اپنی چالون میں ہیں مشاق یہ کمسن محبوب / دیکھیے جسکو وہ استاد ہے یا اللہ اعوذ

غیر کو گر وہ ہوس کار کہیں جائز ہے / پر مرے حق میں یہ ارشاد ہی یا اللہ اعوذ

پیشۂ عشق کا حاصل تو بتاؤ توفیق / کوئی مجنون کوئی فرہاد ہے یا اللہ اعوذ

یار کیا فات ہی تیری کہ ندیدہ ہوکر / مجھے دیدہ نظر آتا ہے شنیدہ ہوکر

تار سنبل سے رفو کر نہ دیا تو نی نسیم / رہگیا دامن گل حیف دریدہ ہوکر

کیسی تحریر خط عشق کہاں کا کاغذ
نامہ بر جای کوئی رنگ پریدہ ہو کر

تجھکو بھی لی دل ناکام لگا کر پیچل
آج تو آئین گی اوس بزم مین چیدہ ہو کر

کامل عشق کو انجام مین حیرانی ہے
نہ کٹے یہ رہِ دشوار بریدہ ہو کر

اونکی ملنی کی ہوس کی تو یہ بولی افسوس
رہرو عشق کی یہ شان جریدہ ہو کر

مین جو رکتا ہون تو کہتے ہین بگڑ کر توفیق
سیر تو کس لیے بنتا ہے ندیدہ ہو کر

جان لذت سے فدا ہر تیر پر
شکر واجب ہے ترے نخچیر پر

ہی نظر بازون مین کیا کیا اختلاف
شکل یوسف اور تری تصویر پر

دو مجھے تعزیر پر یہ تو کہو
کس خطا پر کون سی تقصیر پر

آئی اور بولی خدا کی شان ہے
ناز مت کر خوبیِ تقدیر پر

شور محشر اے اسیرانِ جنون
بڑھ نہ جائے نالہ زنجیر پر

مرگ شیرین کی خبر سنکر ہوا
کوہ کن تف ہے تری تاخیر پر

اوس شکار افگن کے تیور دیکھنا
تیر پر زہ پر کبھی زہ گیر پر

وان عدو ہین بی تکلف کامیاب
ہم تو ہی دل آہ کی تاثیر پر

وصل کی شب مجھسے جھنجھلا کر کہا
کیا غضب ٹوٹا مری تقدیر پر

عشق ابرو چاہیے مشہور ہے
نام مردان قبضۂ شمشیر پر

پیشتر توفیق تھا مرزای عصر
فوق ہی کچھ اب تو شاید میر پر

ہوا ہی گرمی صحبت کا امتحان کس روز
ہلا تری در دولت سی پاسبان کس روز

جگر لٹا کہین دل رہ گیا کہین یارب
چلا ہی جانب ہستی یہ کاروان کس روز

وہ کاش وعدہ کرین اور اون سی تم پوچھین
مری مری سی کہ کس وقت کہان کس روز

وہان تو خشم یہان التماس خواہ مخواہ
ادہنین کی سر کی قسم دیکھیے مہربان کس روز

کمال شرم ہے دشمن سنے سپہر ضعیف
یہ نالی کام مین آئینگی کب فغان کس روز

بہار باغ کی دو دن ہی اور اے بلبل
عدو ہوی ہین یہ گلچین و باغبان کس روز

چلی ہین نجد کی وادی کو دیکھیے مجنون
لگا کی ناقہ کو لاتا ہے ساربان کس روز

سنا فسانۂ مجنون و قصۂ فرہاد
سنو گی تم مری وحشت کی داستان کس روز

یہان نہ زر ہی نہ کچھ زور دیکھیے توفیق
کشش کری اثر جذب ناگہان کس روز

برپا کرین نہ فتنہ کوئی دل کی آس پاس
بیٹھے ہین درد و حسرت و غم ملکی آس پاس

کیا پر خطر ہے دشت محبت قدم قدم
دل میری آس پاس ہی ہین دل کی آس پاس

اس عہد سست مین لسنا نام اضطراب
شاید پتا لگی رگ بسمل کے آس پاس

جلیتی کی دل کو چشم فسونگر کہ ہر قدم
گویا ہے اک وکیل موکل کی آس پاس

ہنگامہ دوست کہتا ہی نالہ ہو یا فغان
اک لطف چاہیے مری محفل کی آس پاس

رہتا ہی روز و شب دل گرم اضطراب
عارض کی ارد گرد کبھی تل کی آس پاس

یہ زنگ کی صدا مین کہان لطف ساربان
دل جائی تر تنگ ہی کوئی محمل کی آس پاس

راہ محال وصل کا شاید ملی سراغ — کرتا ہون سیر کوچۂ مشکل کی آس پاس

توفیق جن کی پاس پہونچنا محال تھا
لیتی ہین آج گھر میری منزل کی آس پاس

ہوش یارون کے بجا ہین نہ بہر اغیار کے ہوش
منتظر ہین ترے ایک جلوۂ دیدار کے ہوش

دور کی ساتھ چلی جائے لگی گردش چشم
دیکھنے ہین تجھے ساقی ترے میخوار کی ہوش

اون کی اور میری عجب طرح کی ہے بیع و شرا
عقل بائع کی بجا ہے نہ خریدار کے ہوش

چشم مستانہ کو ہے حکم کہ جا کر لوٹے
کسی عاقل کے حواس اور کسی ہشیار کی ہوش

بھول کر بھی کوئی اک لغزش مستان ساتھی
مجھکو قابو نہین دیتے ترے ہربار کے ہوش

زال مکارۂ دنیا کو زمانہ گذرا
ہین مگر تا دم آخر وہی مردار کے ہوش

نسخۂ دلبری یار کی ترکیب یہ ہے
عقل دو چار کی لی اور لیے دو چار کی ہوش

هجر مین مشغلۂ فکر ملاقات تو ہے
حالت وصل مین معزول ہین بیکار کے ہوش

جی مین ہے حضرت توفیق سی جا کر پوچھون
اب کہان ہین وہ حواس اور وہ سرکار کے ہوش

ایک عالم ہی مری قید جنون گیر مین خاص
بزم عشرت ہی مجھے خانۂ زنجیر مین خاص

پاس بیٹھے رہو مین لطف سخن سی گذرا
خامشی مین بھی ہی انداز نہ تقریر مین خاص

خواہش وصل جو مجھکو ہے وہ اغیار کو ہی
کونسی بات ہی آخر مری تحریر مین خاص

لوگ آبادی سی جاتی ہین مین از خود رفتہ
عام ہے وحشت الفت مری تقدیر مین خاص

حسن یوسف کا ہوا ذکر تو برہم ہوکر
بولی یہ لطف دا ہی مری تصویر مین خاص

دل شامت زدہ اک طرفہ بلا ہی کمبخت
لو کہان جا کی پھنسا زلف گرہ گیر مین خاص

بڑھ نجاہی کہین صمصام اجل ہی قاتل
گفتگو آن پڑی ہی تری شمشیر مین خاص

عجز و شرمندگی و ہیبت و عاجز نالے
نہین طاعت مین جو اوصاف ہین تقصیر مین خاص

قیس و فرہاد رعایا کی طرح بستے ہین
کشور عشق ہے توفیق کی جاگیر مین خاص

دیکھتی جا ہی کسی فربہ و لاغر کو غرض
بخترا سپ بدمست ہی ٹھوکر کو غرض

ہم پریشانون کی قسمت مین ہی سرگردانی
کچھ فلک کو ہے سروکار نہ اختر کو غرض

اب کسی یار وفادار کا در دیکھین گے
تیری ہی چوکھٹ کو تمنا نہ مری سر کو غرض

ہنس کی کہتی ہیں اگر قتل کی خواہش کیجیے — سیری شمشیر کو مطلب ہی نہ خنجر کو غرض

بولی تدبیر جو ہیں جلاد سے نہ بڑہا — راہ رو آپ ہی رہجائے تو رہبر کو غرض

رخ ترا اپنے موافق ہوا چارہ کیا ہی — تیری چتون کو تعلق تری تیور کو غرض

کہتے ہیں خیر جو توفیق نہیں ہے نہ سہی
لاؤ اچھی کہی اک مرد سخنور کو غرض

چاہیے الفتِ جانان ہی سروکار فقط — منتخب عالمِ ہستی میں ہی اک یار فقط

ہان نہیں کچھ تو کہے جاؤ یہی سیری خواہش — لطف انکار بہی دلکش ہی نہ اقرار فقط

قیدِ الفت میں ہیں فرہاد نہ مجنون باقی — ہم رہی دامِ محبت میں گرفتار فقط

کشتۂ تیر شکِ عداوت ہون یہ کیا عرض کرون — ہمیں سرکار بہی شامل ہیں نہ اغیار فقط

بوسی دیکر دلِ مضطر کو ذرا بہلا لو — کوئی دس بیس نہیں لب ہی دو چار فقط

اہلِ طاعت کو تو مغرورِ عبادت پایا — قابلِ رحم ہیں رندان قدح خوار فقط

زاہدِ شہر بہی ہی عازمِ جنت کیا خوب — ہم تو سنتے تھے کہ جائینگے گنہگار فقط

وصل کی فکر سی فارغ ہیں نصیحت والی — منعِ الفت کی لیے ہیں مری غمخوار فقط

میں بگڑتا ہون تو یون کہہ کے منا لیتے ہیں
جان نثارون میں ہی توفیق وفادار فقط

تلاش ہی کوئی ملجائے گر سکان محفوظ — رہینگے ہم نہ تہِ سقفِ آسمان محفوظ

خطر ہی جان ہم دل و دین کا راہِ الفت میں — خدا کری یہ گذر جائی کاروان محفوظ

کہین نہ وادیٔ وحشت سی آ پڑی مجنون
نکال لائیو ناقے کو ساربان محفوظ

بجای بلبل شیدا کی خاک اڑتی ہی
نہ گل رہا نہ چمن اور نہ باغبان محفوظ

بجز فسانۂ غم اور وہ بھی خاص اپنا
نہ کوئی یاد ہے قصہ نہ داستان محفوظ

چمن کی قدر ہی یارب اسی کی نالون سے
رہے بہار مین بلبل کا آشیان محفوظ

وہان سزای عمل یان بجز غم توفیق
نہ رستگار یہان ہین نہ ہم وہان محفوظ

ڈرو خدا سی نہو بیقرار حتی الوسع
بتون کو دل پہ نہ دو اختیار حتی الوسع

حضور یار مین ایسی پلائیو ساقی
کبھی ہو نشہ کبھی ہو خمار حتی الوسع

بلا ہی شغل محبت مگر دعا ہے یہ
کہ ہم ہون اور یہی کاروبار حتی الوسع

عدو کی آمد و شد خوف سی نہین خالی
کمی کریگا نہ ہرگز گنوار حتی الوسع

اگر نہ لطف ہو مد نظر نکلوا دو
مگر نکلیگا نہ یہ خاکسار حتی الوسع

جو ایک بوسے پہ بھی اونکو کچھ ہوا انکار
تو لی ہی لونگا مین دو تین چار حتی الوسع

وہی بھلی ہین کہ جن کو کسی سے ہی توفیق
نہ عشق ہے نہ محبت نہ پیار حتی الوسع

ہون ایک دو کہین تو دکھا دون نشان داغ
میری تو دل پہ ٹوٹ پڑا ایک جہان داغ

کالای سوز و جنس حرارت متاع دل
کس شان سی چلا ہی مرا کاروان داغ

یان حرف عافیت سی سروکار ہی نہین
باقی نہین ہے درد تو سن داستان داغ

اس دور میں بغیر ضمانت کہاں درم
لانا پڑا تلاش سے کوئی ضمانِ داغ

پھر انکی خالِ رخ کا بندا ہی ہمیں خیال
پھر کھینچتی ہے دل ہوسِ ناگہانِ داغ

خورشیدِ حشر و سوزِ جہنم جلو میں ہون
منظور ہمکو آج ہے اظہارِ شانِ داغ

توفیق کون آئی خریدار دیکھیے
ہم کھولتے ہیں تختۂ دل پہ دکانِ داغ

عشرتِ محفلِ ہستی کی سرکار پہ تف
رند سرمست پہ نفرین ہی تو ہشیار پہ تف

نہ سمجھتے ہیں قدرِ محبت نہ کبھی وضع کا پاس
میری اصرار پہ تف آپکی انکار پہ تف

عمر گذری نہ ملا عشق کی آزار سے چین
دل پہ تف دل کی تعلق پہ تف اور یار پہ تف

زالِ مکارۂ دنیا نے ہزاروں پھانسے
پر جو ہیں مرد وہ کرتے نہیں مردار پہ تف

نہ بقا اسکو ہے توفیق نہ اوسکو ہے قرار
یان کی آرام پہ لعنت ہی اور آزار پہ تف

رہتا ہی تجھسے دست و بغل آج کل فراق
آرام الوداع شکیبائی الفراق

اون کا دہان شباب یہان مجھکو ولے
آزار دی رہا ہے عجب بی محل فراق

مضمون سے کام کس کو ہی معنی سے کس کو بحث
ہر شعر میرا درد ہے اور ہر غزل فراق

فرہاد کا رفیق نہ مجنون کا یادگار
اپنا ہی تیری دور میں ضرب المثل فراق

ہم اپنی آپ اشک کو رسوائی کھائینگے
شاید کبھی وصال کا دی ہمکو پھل فراق

جسکو سنا وہ تیری جدائی میں مر رہا
ہی تیری عہدِ ظلم میں نامِ اجل فراق

توفیق ہم جو کرتی ہین شکوہ فراق کا
ترک عرب نژاد یہ کہتا ہی ما الفراق

کرتی ہین طلسم ہستی تاب و توان تلک
ظالم تری فراق کی صدمی کہان تلک

کس دشت پر نہیب مین جاتا ہی قافلہ
ہی آج بی صدا جرس کاروان تلک

وہ مانین یا نمانین ہمین اختیار کیا
اپنا اگر ہے زور تو حسن بیان تلک

گر گوشت پوست نذر گدازش ہوا تو کیا
منظور ہے کہ سوخت ہو کل استخوان تلک

گلچین سی چشم داشت نہ صیاد سی امید
بلبل ہی اس چمن مین فقط باغبان تلک

درد جگر سنیگا وہ نازک مزاج کیا
سنتا جو قصہ خوان سی نہو داستان تلک

وہ پوچھتے ہین پیارے توفیق ہے کہان
پہنچادو کوئی مجھکو مرے مہربان تلک

ہم چلی راہ جنون مین سر و سامان سی الگ
تار دامن سی جدا چاک گریبان سی الگ

خلف عشق کو ملتی نہین جادہ سلف
دشت فرہاد ہی مجنون کی بیابان سی الگ

مجھے کہتی ہین تو کیا شے ہی رہا مدت تک
خواب بیہودہ ہی شیرین کی شبستان سی الگ

کہے جاتی ہین تری ام مین آنی والی
دل مجموع رہی زلف پریشان سی الگ

اونکی دروازی پہ بیٹھی ہون تو یون کہتی ہین
شوق سی آپ فروش ہون مگر ان سی الگ

تیری یکتائی کی دعوی ہین نہین فصل لیلی
محبت عقل سی ہے دور تو پہان سی الگ

نہین ممکن تری اوصاف محبت توفیق
تجہہ مین جو بات ہی وہ عالم امکان سی الگ

شدنی ہے کوئی ہنگامۂ محشر قاتل — کہہ رہی ہین تری بگڑی ہوئی تیور قاتل

ہر زبان کو ہی جداگانہ تری نام کا ورد — قتلۂ پردازِ جفا دوست ستمگر قاتل

رونقِ قتل کی وسعت ہی نہایت مطلوب — کہ بہی سیلِ روان خون کی چادر قاتل

خوابِ آرام مناسب ہے تری کوچے مین — خون کا فرش ہو یا خاک کا بستر قاتل

دیکھیے جسکو وہ تلوار لیے پہرتا ہے — ایک سی ایک ہی بی رحم فزون تر قاتل

مار ڈالا ہی مجہے انکی وفاداری نے — تیری مقتول جفا بہی ہین ستمگر قاتل

خنجرِ ناز ہے عریان نہ فقط مقتل مین — اپنی جامی سی ہوا جاتا ہے باہر قاتل

جب ہو مقبول ترا لطفِ تپیدن مقتول — کسی انداز سے ہو جائی مسخر قاتل

ہاتہ رکتا ہے کہین حضرتِ توفیق نہون
آج یہ کس کا گلا ہے تہِ خنجر قاتل

تو فغان ہین اور نو فریاد ہم — رحم کی قابل ہین اِی صیاد ہم

اونکی مقتل مین ہی یہ تقدیمِ شوق — ہر کوئی کہتا ہی اِی جلاد ہم

مانگ کر بوسہ تو گالی کہا چکے — دیکھیے اب کیا کرین ارشاد ہم

بنکی شاگرد اونکی جا پہونچی قریب — بی تکلف ہین بڑی استاد ہم

کوئی ویرانی سی ویرانی ہوئی — تہر بان اب ہو چکی آباد ہم

بی بسی دیکہو کہ اپنے کام مین — چاہتی ہین غیر سے امداد ہم

کہنچتے ہین صفحۂ دل پر شبیہ — لائقِ بیعت ہین اِی بہزاد ہم

دین سے مطلب نہ کچھ دنیا سے کام
آج کل ہین کس قدر آزاد ہم

کیا تب بیداد دل کا جنون رکھا ہی نام
فصد کہولینگی تری فصاد ہم

کچھ نہین کہتا کہ ہی معلوم کیا
ہین عجب مضمون نوایجاد ہم

کنج خلوت سے پڑا توفیق کام
ہین عروس فلک کے داماد ہم

کہاں عشق سے وہ اقتدار رکھتے ہین
کہ جیسے مرتے ہین ہم اوسکو مار رکھتے ہین

الہی زہر ہی کیا ان بتون کی آنکھوں مین
اجل سے جو نہ مرے اوسکو مار رکھتے ہین

ہمارا دل بھی کوئی جنس کم بہا ٹہرا
اوٹھا اوٹھا کے جو وہ بار بار رکھتے ہین

لباس قتل پہنتا ہے کس لیے قاتل
ہم اپنا جامۂ ہستی اوتار رکھتے ہین

سمند ظلم سے دم بھر اوتر پڑے کیا فکر
اگرچہ کہنے کو اک فن سوار رکھتے ہین

ہمین تو عشق نے مجبور ہی سدا رکھا
الہی کون ہین جو اختیار رکھتے ہین

وہ آج کہنے لگے دیکھ کر مجھے توفیق
ہزار شکر کہ اک جان نثار رکھتے ہین

کہتے ہین سب بھی سکار بنا لیتے ہین
چشم نم دیدۂ خونبار بنا لیتے ہین

بی غرض نکلی تو جاتی ہین یہ پوری ورنہ
باتین مطلب کی بھی دو چار بنا لیتی ہین

بزم عشاق مین کہتے ہین نہین کیونکر جاؤن
باتون باتون مین یہ عیار بنا لیتی ہین

سمت در خور رحمت ہی تو مے نے آہا
ہم ابھی تجھکو گنہگار بنا لیتے ہین

دیکھہ بدست مجھی ہار کی ہٹو کر بولے
ہم تو مستونکو بھی ہشیار بنا لیتی ہین
کیا کیئے ہین یہ عشاق کہ معشوقون کو
ظلم سہہ سہکے ستمگار بنا لیتے ہین

کام ہو جای تو پہر بات نہ پوچہین توفیق
اپنی مطلب کو جو سر کار بنا لیتے ہین

ذلیل ہمکو سمجہ لین زبون خیال کرین
کسی طرح سی وہ آئین ہمین نہال کرین
رقیب جا کی تو بیٹھے ہین بزم جانان مین
خدا کری کہ کوئی خواہش محال کرین
وہان تو کام نکلتی ہین فقرہ بازی سے
برائی کیا ہے چلو ہم بھی کوئی چال کرین
کہان کمال محبت کہان عدو کی ذات
برا نمانو تو ہم ایک دو سوال کرین
اہل کو باعث تخفیف درد کہتے ہین
چلو تو مرگ سے پہلی ہی انتقال کرین
تمام عمر مصیبت مین مبتلا رکہا
سیاہ دل سی نہو جو یہ مجال کرین
جناب واعظ اگر اپنی خوش بیانی سی
یہان تلک تو نہین لائین بڑا کمال کرین
تم اس لیی کہ لگائین بہتین عدو منہ سے
ہم اس لیی کرتا چون سی منہہ کو لال کرین

ہزار اہل غرض اور وہ ایک ہی توفیق
کہو تو کس کو نکالین کسے بحال کرین

ہم اپنی ضبط کی قائل ہین قول ہار تو دو
بتو خدا کی قسم تم کو ہاتہہ مار تو دو
اگر نہ رحم کی لائق ہو میرے مظلومی
خوشی سی داد ستمہائے روزگار تو دو
یہ خوب بات ہی یہ بہی عزیز دو بہی عزیز
اگر نہ مرہم دل دو دل فگار تو دو

دلِ حزین کی رہائی کے ہم نہین طالب
ذرا شکنجِ سرِ زلف کو سنوار تو دو

تمہاری منعِ محبت کو مینے مان لیا
مگر میری دلِ مضطر پہ اختیار تو دو

کہون وہ بات جو الہام سی رہی ہر وقت
پہ اپنی بزمِ محبت مین اعتبار تو دو

متاعِ جان بہتین توفیق سے دلا دینگے
اگر نہ بوسۂ لب مفت دو ادھار تو دو

کیا بات ہی یہ دیدۂ خونبار سچ تو کہہ
دریاے بحث ابر سے گرا سچ تو کہہ

تیرا ہے لطفِ خاص کہ میرا ہجوم یاس
وجہ امیدواریِ اغیار سچ تو کہہ

ہی کیا نہ میری دل مین کدورت تجھکو رنج
اور میری بزمِ وصل سے انکار سچ تو کہہ

حیا لگین مجھے تو حال مین اپنا کرون بیان
لد مجھے روزنِ دیوار سچ تو کہہ

اے جذبِ شوق فرش ہی دل دیدۂ وقت راہ
کیا چل چکا ہے نامہ بر یار سچ تو کہہ

ممکن نہین کہ جھوٹھ کرین عرض حال ہم
ہے کیا ہر ایک بات پہ ہر بار سچ تو کہہ

توفیق حال کچھ ہے ترا اور قال کچھ
ناصح ہین کیا ترے اشعار سچ تو کہہ

جب کہتی ہین ہم حشر مین فریاد کرینگے
سنتا ہے کہ ہم بھی تری امداد کرینگے

جب بیٹھے ہین وہ اور ہی بیان روحِ صید
کیا گذریگی مجھپر جو کچھ اے شاد کرینگے

لیجاتی ہو کیون حضرتِ دل کوئی بتان مین
کیا خاک مجھی اب وہان شاد کرینگے

اوس چشمِ فسون ساز کے لکھے ہین مضامین
اب تو مری اشعار سب صاد کرینگے

توفیق ہی کہتا تہا وہ کل شوخ سنے
کہدو ہمین دو چار غزل یاد کرینگے

کیا چپ ہی ہی یا وہ کہین جا کی مرگئی
ای جان تمہاری دور مین الفت کدہر گئی

کعبی سی تا بدیر کلیسا سے تا کنشت
پایا تجہی کو یار جہان تک نظر گئی

بس اب معاف دعوت اغیار کیجیے
غم کہاتی کہاتی میری طبیعت تو بہر گئی

نالی کی نارسائی تو پہلے سی تہی مگر
افسوس ہی کہ آہ بہی وان بی اثر گئی

میری تو بات خیر جو تہی بی اثر سو ہی
پر غیر کے گلی تر سے کیونکر اوتر گئی

سنتے ہین حشر کو بہی یہ ہے جو پوچہیے
تیری نگاہ ناز غضب کام کر گئی

توفیق دل کو وصل ہو یا ہجر غم نہین
فرقت کی شب کا خوف بہت تہا گذر گئی

صبح دم آج نظر یار کی صورت آئی
لی مبارک دل دیوانہ کہ شامت آئی

یک بیک جذبۂ محبت کو وہ چلا اوٹہا
دشت مین جب سر فرہاد پہ آفت آئی

ہای ری ضعف کہ مجہہ تک لب بام دراز
منزلین کر کی ہزارون مین طاقت آئی

تمکو جب رنج ہے ہم سے تو شکایت کیسی
گرمی دل مین بہی کچہہ گرد کدورت آئی

آج پیری کی سبب ہم سے وہ ہنسکر بولی
خوب وقت آپکی بندے پہ طبیعت آئی

اب خدا خیر کری آج وہ یون کہتا تہا
دیکہیے پہر مرے بیمار پہ رنگت آئی

اب یہ حالت ہی کہ رو کر وہ ستمگر بولا
ہمکو توفیق کی احوال پہ رقت آئی

نہ کوئی شی عوض چشم فتنہ زا ٹہیری
برای نا مجہم ٹہیری تو کچہہ قضا ٹہیری

نہ شب کو چین نہ دن کو قرار ہی ہمکو
یہ عشق کا ہے کو ٹہیرا کوئی بلا ٹہیری

نہ ہوش دین کی باقی رہے نہ دنیا کے
تری نگاہ مصیبت کا سامنا ٹہیری

یہان تو رنج مین گذری ہی تعلق مین کٹے
مسافرانِ عدم وان کہو کہ کیا ٹہیری

یہ ناتوان ہون کہ پہرتی ہوی گلی ہی ترے
مری نگاہ بہی سو بار جا بجا ٹہیری

فلک کو دم مین جلا دی پر آپکی نزدیک
ہماری آہِ شرربار اک ہوا ٹہیری

رہا تعلق مخفی مدام اسے توفیق
پر آج بر سر رہ خوب بر ملا ٹہیری

منا ئینگے دلِ بیمار کو جفا کے لیے
وفا تو اب کہین ملتی نہین دوا کی لیے

فدا ہون جس بت بی پیر پر وہ کہتا ہے
مجہے زیادہ نہ رسوا کرو خدا کی لیے

یہ فتنی ایک ہین باہم کہ زلف یار نی رات
جو دل پسند کیا خود تو جان قضا کی لیی

گلہ کیا تو کس انداز سے بگڑ کے کہا
کہ تم نی رنج سہے اپنے مدعا کی لیے

الہی دانت ہی کیا اب دلِ ملائک پہ
کہ اونہی ہاتھ اوٹہا ہی ہین مدعا کی لیے

یہ کیا کہ یار نی ہمکو بہت دی دشنام
لپٹ کی بوسہ لب ہم نی انتہا کی لیے

بتون نی ایک نہ بوسہ دیا میان توفیق
اگرچہ دل تو بہت کچہہ بڑہا بڑہا کے لیے

وہ تو ہی کہنے کی اے کاش مجہے خو کرتی
کسی طرح سے تو آغاز گفتگو کرتے

هوا جو وصل میسر تو یه هوئی حسرت | کوئی دن اور ابهی مشق آرزو کرتی
سدا فسرده رهین زاهدان خشک یه کیون | همیشه عشق نکرتے کبهو کبهو کرتے
شراب صبح هی مرغوب تر مگر ساقی | صبوحی آج تو بی ساغر و سبو کرتی
کهین وجود کهین هی عدم یهی مین تها | که هست و نیست کا جهگڑا هی ایکسو کرتی
بزرگ و کوچک میخانه سب هین پیر طریق | سبو نه تها نه سهی بیعت کدو کرتی

نه زهد خشک سے توفیق خاک نکلا کام
شراب هوتی تو پیدا کچه آبرو کرتے

خاتمه

بسطر نامه نظر کن که داستان دل است حدیث دل غم دل درد دل فغان دل است
ترانه بدرد دل سرشته ازان حمد الهی ست و نغمه بخون جگر آغشته مخصوص نعت
ختمی پناهی صلی الله علیه و آله و صحبه وسلم اما بعد این نیست به هست بدنام نه
خون سخن ریختن هوس دارد و نه در دامان عشق خاهر دست آویختن هر چه به گفتن سید
تکیه رش از کتاب دا سر است و هر چه نوشته شود یک دست از حدیث و آثار چشم
شوق عمر ایست جز بسوی حقیقت ندیده و گوش رغبت حرفی از عالم مجاز نشنیده خون
از من هر هوس آوردن کار مجنون ست و تیشه کوه کن بر سر زدن عمل فرهاد مرا که با این
آن کار نیست همین یک دل نامراد است و همین خاطر ناشاد ـ

شگفتگی گل روی بساط احباب ست | نصیب ماست ازین بزم سرگران رفتن

سالی چند که سجل کار و بار ریاست را بنامم نگاشتند و اسیر تعلقات حکمرانی بکارفرمائی برداشتند عجب بی سود گذشت و رایگان بسر شد

بی غم عشق تو صد حیف ز عمری که گذشت — همه‌ای کاش گرفتار غمت می بودم

نه وقت آنکه نفسی بطوع خاطر برآرد و نه فرصتی که دمی بکام دل بسر برد همه با انجمنها سروکار بود و با بیگانگان روز بازار چندگاه است[۲] که تازه نقشی در باخته کارها دگرگون ساخته اند منت خدای را که از فکرت این و آن درگذشتم و بگوشه گیرای فراغ و دولت نشستم دل را از آب سیاه عرفی برداشتم و رنگ و بوی چمن نیرنگ را بیاران گذاشتم

عشرت ده روزهٔ گل قابل تقسیم نیست — وقف بلبل می کنم در بسته باغ خویش را

اکنون منم و تنها شدن دست آرزوست و در دل زدن ع اندرین پرده مگر ساز کدام آوازست ؛ این نامه چند که نشانمند شعر و شاعری ست ازان عالم ست که مهجور رنجور از راه دور بحضور دوار سد و دور از بیگانه بی تکلف درد دل عرضه دهد تلخ نوائیها سرکند هر قدر که بینی از اتفاقات ست و هر چه هست از واردات نه از نفرین هراس ست و نه بتحسین سپاس و درین عالم شعری از شهیر خویش مخاطب بافتخار الشعرا خویش کرده ام

بزم از ما و تو پرداخته منزل خالی — وقتش آباد که با یار کند دل خالی

این سواد دو زبان که به گل رعنا مسمی ست گاهی از پارسی سخن سازست و گاهی در هندی نغمه پرداز تا دورنگیهای زمانه را یادگار باشد و بامزاج اهل روزگار سازوار افتد

[۱] یعنی [illegible] سال

[۲] یعنی از [illegible] سال

منم که روی دلم در شکست کار خود است   وگرنه گبر و مسلمان رواج می طلبند

شیوهٔ یاران نگاشتن دیباچه بر سر نامها بود این بنده چون از راه و رسم زمانیان بیگانه افتاده است آغاز را با نجام پیوند داد که اول با آخر نسبتی دارد

پادشاه عالم درویشیم   مهر بآئین فرمان می زنم

در سنه ۱۳ هجری غرهٔ صفر ختم شد

تمت

۲۶۴۲

صحت نامہ اغلاط فارسی و اردو گل رعنا اور تاریخی نام تالیف اسکا سخن توفیق ہے ۱۳۰۱

صفحہ	سطر	غلط	صحیح	صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۳	۱	آزاد	آزادو	۲۴	۸	ہیستم	ہستیم
۴	۶	غم خوار	غمخوار	۲۵	۱۷	دید نہات	دید نہات
"	۹	عشق	خاص	۲۷	۲	شراب و شب ماہ	شرابِ شب ماہ
"	۱۲	عشقِ	عشق	"	۶	گشتیم	گشتم
۹	۴	باشیان	در آشیان	"	۷	بسل	بلبل
۱۰	۸	فرزانہ	ہشیار	۲۸	۲	چسر	چو
"	"	دیوانہ	مستانہ	۲۹	۵	عمر و پیری	عمر پیری
"	۱۱	داغ دار	داغدار	"	۸	گشت	سر گشت
۱۱	۲	امشب	ہر شب	"	۱۷	ہمہ تیز رو و چشیم ہمہ زود و خیز بزمم	ہمہ در گذر چشیم ہمہ در سفر زبزمم
۱۲	۳	لکن	لیکن				
"	۱۰	خوشش	خویشش	۳۱	۳	ہم نی	ہمنے
۱۳	۲	مشربان	مشربی	۳۲	۱۲	سا	سے
۲۰	۱۴	سلطان	سلطانی	۳۴	۱۴	دو	عدو
"	۱۶	درد دوا	درد و دوا	"	۱۷	تہا	تہے
۲۱	۱	داغم	دانم	۴۶	۱۷	کہنچتے	کہنچیے
"	۳	داغ دار	داغدار	۵۰	۹	دل	دلن
۲۲	۱	گرد داغ	گرد و داغ	"	۱۶	اب	لو
"	۱۲	داغِ	داغ	۵۱	۱۳	مدعا	پہر دعا
۲۳	۲	چو شد جو	چوشت جو	"	۱۵	دیا مسان	کبہی دیا
"	۱۷	حیرا	چرا	۵۲	۱۱	تلخ	و تلخ

تمت

ت ۲۴ گ

LYTTON LIBRARY, ALIGARH.

DATE SLIP

ف ۸۹۱۶۵۱۴۳

This book may be kept

FOURTEEN DAYS

A fine of one anna will be charged for each day the book is kept over time.

R06.01.97.

۲۶ ۴۲